DIRECTORATE OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

**اہم قومی ومقامی خبریں** **مورخہ 23-09-2022** **اخبارات**

| | |
|---|---|
| 1۔پشتون ثقافت خطے میں تہذیبی ارتقاء کا اہم حصہ ہے، گورنر جان جمالی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 2۔بلوچستان مختلف اقوام قبیلوں اور رنگ ونسل کا گلدستہ پشتون شعرءاور ادباء نے ہمیشہ اور تعمیری سوچ کا درس دیا، وزیراعلیٰ بلوچستان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 3۔وفاقی حکومت اور این جی اوز کے تعاون کے بغیر صوبے کو دوبارہ آباد نہیں کر سکے، ارکان اسمبلی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 4۔اقتدار نہیں اسلام کی سربلندی کی جنگ لڑ رہے ہیں، مولانا عبدالواسع | مشرق ودیگر اخبارات |
| 5۔عوام پشتون زبان وثقافت کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، ضیاء لانگو | جنگ ودیگر اخبارات |
| 6۔باہمی اختلافات کو سوشل میڈیا پر شیئر کرنے سے گریز کیا جائے، نور محمد دمڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 7۔جدید جیلوں میں بیرکس کا تصور ختم قیدیوں کو سہولیات فراہم کرنا ہوں گی، ربابہ بلیدی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 8۔اے این پی کو کابینہ سے نکالنے کی باتیں محض افواہیں ہیں، زمرک اچکزئی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 9۔تباہ کن سیلاب 481ارب کی فصلیں اور اجناس تباہ بلوچستان میں 50لاکھ ایکڑ زمین متاثر | مشرق ودیگر اخبارات |
| 10۔سیلاب کے باعث مزید 6اموات مجموعی تعداد 310 تک پہنچ گئی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11۔سیلاب سے متاثرہ اضلاع میں اسہال ملیریا سمیت مختلف وبائی امراض پھوٹ پڑے | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12۔معیاری تعلیم کے فروغ کیلئے مثبت پالیسیاں ترتیب دینا گزیر ہے | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13۔بلوچستان کے 2اضلاع میں ڈینگی وائرس کے مزید 64 کیس سامنے آگئے | سنچری ودیگر اخبارات |
| 14۔قومی وسائل کا تحفظ مضبوط نے سیاسی جماعت ہی کر سکتی ہے، رحمت بلوچ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15۔بلوچستان میں سرکاری ملازمت کیلئے عمر کی حد کم کرنے کا فیصلہ قبول نہیں، نیشنل پارٹی | آزادی ودیگر اخبارات |

## امن وامان

کوئٹہ ایک شخص سے موبائل چھین لیا گیا، قلات سے منشیات فروش گرفتار، سی ٹی ڈی کی کاروائی میں داعش کے 2 دہشتگرد ہلاک 3 ساتھی فرار، ہزار گنجی نالے سے دو منشیات فروشوں سمیت 28 نشئی گرفتار۔

## عوامی مسائل

زمینداروں نے بجلی کے بل ادا نہ کرنیکا اعلان کر دیا، کوئٹہ شدید بارشوں سے سینکڑوں سکول متاثر اکثر کی عمارتیں شکستہ حال، پشین سرکاری گودام میں پڑی ہزاروں بوری گندم خراب۔

DIRECTORATE OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 23-09-2022

## اداریہ

روزنامہ باخبر نیوز کوئٹہ نے "**بلوچستان پبلک سروس کمیشن کو قابل اعتماد ادارہ بنانے کیلئے وزیر اعلیٰ کا عزم**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وزیراعلیٰ عبدالقدوس بزنجو نے بلوچستان پبلک سروس کمیشن کے چیئرمین اورارکان کی تقرری سیاسی جماعتوں سمیت دیگر اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے کرنے اور شفافیت اور میرٹ پر عملدرآمد کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہاہیکہ ہم بلوچستان پبلک سروس کمیشن کو ایسا ادارہ بنانا چاہتے ہیں جس پر ہماری نوجوان نسل کا پورا اعتماد ہوا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اساتذہ کے مسائل حل کرنے کے لئے ٹھوس اقدامات اُٹھارہی ہے لیکن اساتذہ کو بھی احتجاج دھرنوں اور ہڑتالوں سے بالاتر ہوکر بچوں کی تعلیم پر توجہ مرکوز کرنی چاہئے۔ بلوچستان پبلک سروس کمیشن کو قابل اعتماد ادارہ بنانے کے حوالے سے وزیراعلیٰ کا عزم قابل ستائش ہے ماضی میں اس ادارے کی ساکھ کو بہت زیادہ نقصان پہنچا تھا لیکن بعد میں صوبائی حکومت نے پبلک سروس کمیشن میں چیئرمین اورارکان کی تقرری کیلئے جو لائحہ عمل اختیار کیا اور پالیسیاں وضع کیں اُن سے ادارے کی ساکھ بڑی حد تک بحال ہوچکی ہے اب اسے مزید بہتر سے بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ اس ادارے کو تعلیم یافتہ طبقات کیلئے میرٹ اور شفافیت کے حوالے سے ایک مثال ہونا چاہئے جس پر کوئی انگشت نمائی نہ کرسکے۔ بلوچستان میں تعلیم کا شعبہ خصوصی توجہ کا مستحق ہے اساتذہ وقت کے تقاضوں کو سمجھنے اوراس کے مطابق چلنے سے قاصر ہیں اساتذہ وقت کے تقاضوں کو سمجھنے اوراس کے مطابق چلنے سے قاصر ہیں اساتذہ تنظیموں کو محض اپنے مفادات کی فکر رہتی ہے تعلیم کے شعبے کی ترقی کی جانب ان کا دھیان نہ ہونے کے برابر ہے۔ وزیراعلیٰ نے انہیں ہڑتالوں دھرنوں اوراحتجاج کی بجائے تعلیم پر توجہ مرکوز کرنے کا جو مشورہ دیا ہے توقع ہے کہ اساتذہ اوران کی تنظیمیں ان پر سنجیدگی سے توجہ دیں گی۔

## اداریہ

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**کور کمانڈر اور چیف سیکرٹری بلوچستان کا دورہ جعفر آباد**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**سیلاب متاثرین کی مشکلات،وبائی امراض جان لیوا ثابت ہونے لگیں**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**نئی سیاسی ہلچل نئے مسائل کا پیش خیمہ تو نہیں**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "**Mismanagement**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Dated: 23 SEP 2022

Page No. 1

Bullet No. /



**QUETTA**: Chief Minister Balochistan Abdul Quddus taking dinner with security personnel at the residence of Sardar Abdur Rehman Khetran.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 23 SEP 2022 Page No. 3


## پشتون ثقافت خطے میں تہذیبی ارتقاء کا اہم حصہ ہے، گورنر جمالی

**شاندار اقدار کو زیادہ سے زیادہ اجاگر کیا جائے، پشتون کلچر ڈے پر مبارکباد**

کوئٹہ (خ ن) قائمقام گورنر بلوچستان میر جان محمد جمالی نے پشتون قوم کو کلچر ڈے کے موقع پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پشتون خطے کی ان قدیم اقوام میں سے ایک ہے جن کی طویل تاریخ خطے میں تہذیبی ارتقاء کا اہم حصہ ہے۔ پشتون کلچر کی بنیادیں اجتماعیت، امن و آشتی، بردباری اور مہمان نوازی کی شاندار اقدار میں پیوست ہیں پشتون ثقافت اپنے اندر تخلیقی قوت رکھتی ہے اور اپنے گردوپیش کے دیگر تمام ثقافتی اکائیوں کے ساتھ یکجہتی اور یکجہتی کے اصولوں کی بنیاد پر مسلسل ارتقاء پذیر ہے ضروری ہے کہ پشتون کلچر کو مختلف تقریبات کے ذریعے اپنی ترقی سوچ اور شاندار اقدار کو زیادہ سے زیادہ اجاگر کریں گورنر نے کہا کہ جس طرح انسانی زندگی ایک زندہ ڈسپلن کا نام ہے اسی طرح ثقافت بھی ایک مخصوص جغرافیہ میں معاشرتی زندگی کی مجموعی رنگارنگی اور خوبصورتی کا نام ہے زندہ قومیں اپنی شاندار اقدار، روایات، تہذیب اور تاریخ سے ہی اپنی قومی شناخت اور تشخص کو برقرار رکھتی ہیں ارتقاء اور ترقی کا سفر جیسے جیسے آگے بڑھتا ہے تو ماضی کی کئی چیزیں قصہ پارینہ بن جاتی ہیں اور انسان نئے حالات، ضروریات اور تقاضوں کے مطابق اپنی شناخت کی مزید تزئین و آرائش کرتے ہیں۔

## عوام پشتو زبان و ثقافت کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، ضیاء لانگو

**[illegible]**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے پشتون کلچر ڈے کے حوالے سے اپنے جاری پیغام میں کہا ہے کہ پاکستان کے ہر کونے کے عوام پشتو زبان اور پشتون ثقافت کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں پشتون کلچر ڈے کو منانے کا مقصد یہ کہ زندہ قومیں اپنی ثقافت کو ہمیشہ زندہ رکھتی ہیں۔ مشیر داخلہ نے کہا کہ صوبائی حکومت کی ہمیشہ کی طرح کوشش ہے کہ وہ علاقائی زبانوں کی ترقی اور ترویج کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائیں گے کیونکہ یہ ساری چیزیں ہماری قومی اور تاریخی ورثہ ہے اور ہمیں یہ اپنی نوجوان نسل کو پہنچانا ہوگا تا کہ وہ اپنی مادری زبانوں سے محبت کرسکیں اور انکی اہمیت سے واقف ہوسکیں۔ دریں اثناء مشیر داخلہ نے پی ڈی ایم اے کے افسران اور ضلعی انتظامیہ اور ریسکیو حکام کو ہدایت کی ہے کہ سیلابی ریلوں کی وجہ سے اضلاع کے متاثرہ دیہاتوں میں امدادی کارروائیوں کا عمل تیز کیا جائے اور متاثرین کو امدادی سامان اور دیگر اشیائے ضروریہ کی بلاتاخیر فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو بھی ہدایت کی ہے کہ متاثرہ گھروں کے مکینوں کے لئے عارضی رہائش کا بندوبست کیا جائے اور ان علاقوں میں سیلابی ریلوں سے منقطع رابطہ سڑکوں اور پلوں کی بحالی کے لئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ مشکل کی اس گھڑی میں صوبائی حکومت متاثرین کے ساتھ ہے، انہیں تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔ ان کی بحالی کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں گے۔

## باہمی اختلافات کو سوشل میڈیا پر شیئر کرنے سے گریز کیا جائے، نور محمد دمڑ

**[illegible]**

کوئٹہ (پ ر) بی اے پی کے صوبائی جنرل سیکرٹری سینئر صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ بی اے پی کو ضلع ہرنائی میں فعال کرنے کے لیے کارکن، عہدیدار اختلافات ختم کر کے سب متحد ہو جائیں۔ کارکنوں عہدیداروں اور حلقے کے عوام خصوصاً ضلع ہرنائی کے عوام کے تمام اجتماعی بنیادی مسائل حل کرنے کے لیے پارلیمانی سیکرٹری محترمہ بشریٰ ترین کے ساتھ مل کر ہر ممکن کوشش کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بی اے پی کے مرکزی رہنما فوکل پرسن پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ملک روح اللہ خان ترین سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ملاقات میں بی اے پی ضلع ہرنائی میں پارٹی کارکنوں عہدیداروں کے درمیان اختلاف ختم کرنے بی اے پی کو ضلع ہرنائی میں فعال اور منظم کرنے اور ساتھیوں کے درمیان اندرونی اختلافات دور کرنے سمیت پارٹی ضلع ہرنائی کے کارکنوں کے مسائل حل کرنے سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ نور محمد دمڑ نے پارٹی ضلع ہرنائی کے عہدیداروں اور کارکنوں کو ہدایت کی کہ ان کے درمیان جو بھی اختلافات ہوں انہیں مل بیٹھ کر حل کریں اور پارٹی کے اندرونی معاملات کو سوشل میڈیا پر شیئر کرنے سے گریز کریں خلاف ورزی کرنے والے کارکنوں، عہدیداروں کے خلاف کارروائی ہوگی انہوں نے ضلع ہرنائی کے تمام کارکنوں کو ہدایت کی کہ وہ اپنے آپس میں بھائی چارے کی فضاء پیدا کرکے پارٹی کو فعال کریں اور عوامی مسائل پر توجہ دیں انہوں نے کہا کہ قربانیاں دینے والے کارکنوں عہدیداروں اور سپورٹرز کو نظر انداز نہیں کریں گے۔

## CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظا مت اعلیٰ تعلقا ت عا مه
حکو مت بلو چستا ن

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1 Dated: 23 SEP 2022 Page No. 4

# Khetran's mediation helps resolve Bizenjo-Kakar differences

## Both BAP leaders were at odds for several months

**Staff Report**

**QUETTA**: Differences between the Chief Minister Balochistan cum President of Balochistan Awami Party (BAP), its General Secretary Senator Manzoor Kakar have been resolved amicably here on Thursday.

Talking to newsmen, the BAP leaders told that Provincial Minister Sardar Abdul Rahman Khetran played the key role of mediator between the two leaders. Party Secretary General BAP Senator Manzoor Kakar not only made statements openly in the media against the Chief Minister and Party President Abdul Quddus Bizenjo, but also announced to give a show cause notice to the President.

However, provincial minister Abdul Rehman Khetran invited the two leaders of the party to a dinner at his house to settle down the differences between President and General Secretary. Advisor to CM on Home and Tribal Affairs Mir Zia Longo, provincial Minister Mubeen Khilji and BAP other leaders were also present. Discussions on political party and other issues were also held in a very pleasant environment, he added.

People friendly Chief Minister of Balochistan Mir Abdul Quddus Bizenjo's public style. In the dinner given by the Provincial Minister Sardar Abdul Rahman Khetran last night, instead of the food arranged for the guests, the Chief Minister ate with the policemen and security guards and on this occasion but after talking to him in a frank manner, the security personnel expressed their happiness to see the Chief Minister participating in the meal with them.

The Chief Minister said that I am a public representative. It cannot be done, all human beings are creations of Allah Almighty and we are all equal and I cannot even think of discriminating between human beings.

Balochistan Chief Minister Mir Abdul Quddus Bizenjo, while taking notice of the incident of student's murder in Panjgur, has expressed his heartfelt sorrow and grief over this tragic incident. He has instructed the concerned authorities that the police and administration should ensure effective measures to improve law and order in Panjgur district and protect the lives and property of the people.

The Chief Minister expressed his condolences and sympathy to the family members of the slain student and reiterated his determination that justice will be provided to the family members and the involved elements will be brought to justice.

Several members of other political parties had joined the Balochistan Awami Party. Other prominent figures who have joined the new political party include Balochistan Chief Minister Mir Abdul Quddus Bizenjo, former Speaker of the Balochistan Assembly Jan Muhammad Jamali and Sardar Saleh Bhootani.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 23 SEP 2022 Page No. 7

## انسانیت کی خدمت ایف سی کی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں میں شامل ہے

کرنل حافظ کاشف راشد

بارشوں سے متاثرہ علاقوں میں فری میڈیکل کیمپوں میں عوام کو طبی سہولتیں فراہم کی گئیں، نجینگ ہسپتال خضدار میں فری میڈیکل کیمپ کی افتتاحی تقریب سے خطاب

خضدار (نامہ نگار) کمانڈنٹ قلات اسکاؤٹس ایف سی کرنل حافظ کاشف راشد نے کہا ہے کہ ایف سی کی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں میں انسانیت کی خدمت اولین ترجیحات میں شامل ہے ڈاکٹرز کو چاہیے کہ وہ عوام الناس کو علاج ومعالجے کی سہولتیں فراہم کرنے میں بھرپور کردار ادا کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے نجینگ ہسپتال خضدار میں ہیڈ کوارٹرز 33 ڈویژن کی نگرانی میں فرنٹیئر کور قلات اسکاؤٹس اور الابراہیم آئی ہسپتال کی جانب سے چار روزہ آئی فری میڈیکل کیمپ کی افتتاحی تقریب کے موقع پر ڈاکٹروں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا کمانڈنٹ قلات اسکاؤٹس کرنل حافظ کاشف راشد نے کہا کہ ایف سی نے حالیہ بارشوں سے متاثرہ علاقوں میں بھی متعدد مفت میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا جن میں بڑے پیمانے پر عوام الناس کو علاج ومعالجے کی سہولتیں فراہم کی گئیں اس موقع پر فرنٹیئر کور قلات اسکاؤٹس کے ڈپٹی اسسٹنٹ ڈائریکٹر میڈیکل سروسز ڈاکٹر افیاض احمد نے فری آئی میڈیکل کیمپ کے سلسلے میں تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ آئی کیمپ میں الابراہیم آئی ہسپتال کراچی کے ماہر امراض چشم کے ڈاکٹرز کی چھ رکنی ٹیم فرائض انجام دے رہی ہے چھ سو کے قریب مریضوں کا معائنہ جب کہ ڈیڑھ سو سے زائد آنکھوں کے امراض میں مبتلا مریضوں کا آپریشن بھی کیا جائے گا کمانڈنٹ قلات اسکاؤٹس نے الابراہیم ہسپتال کراچی کے ڈاکٹرز اور نجینگ ہسپتال خضدار کے سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر سعید احمد اور ایف سی قلات اسکاؤٹس کے ڈاکٹر افیاض کی کاوشوں کو بھی سراہا کمانڈنٹ قلات اسکاؤٹس نے کیمپ کا افتتاح ایک معمر مریض سے فیتہ کاٹ کر دا کر کروایا کیمپ میں ماہرین امراض چشم کے ڈاکٹر [illegible] قاضی ڈاکٹر محمد اشرف ڈاکٹر ریحان ڈاکٹر شاہ جہاں سمیت دیگر ڈاکٹرز مریضوں کا معائنہ کریںگے جب کہ الابراہیم ہسپتال کراچی کی جانب سے مریضوں کو مفت ادویات لینز چشمے اور آپریشن بھی کریںگے کمانڈنٹ قلات اسکاؤٹس کرنل حافظ کاشف راشد نے کہا کہ انسانیت کی خدمت سے اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل ہوتی ہے عنقریب قلات ڈویژن کے دیگر علاقوں میں بھی مفت آئی کیمپ اور جنرل کیمپ کا انعقاد بھی کریںگے ہم سے جتنا بھی ممکن ہوا عوام الناس کو ریلیف دیںگے ایف سی نے حالیہ طوفانی بارشوں اور سیلاب میں بھی پاک فوج کے ساتھ مل کر ریلیف کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔

## معیاری تعلیم کے فروغ کیلئے مثبت پالیسیاں ترتیب دینا ناگزیر ہے

ڈاکٹر شفیق الرحمان

آج دنیا ماحولیاتی تبدیلی، قدرتی آفات اور وسائل کی کمی کی وجہ سے پریشانی سے دوچار ہے، وی سی جامعہ بلوچستان

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) معیاری تعلیم کے فروغ، ادارے کی ترقی اور معاملات کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے مثبت پالیسیاں ترتیب دینا ناگزیر ہے۔ یہ بات جامعہ بلوچستان کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شفیق الرحمن نے جامعہ بلوچستان کی اکیڈمک کونسل کے 86ویں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ دور جدید کے تعلیمی تقاضوں اور تیز ترین ٹیکنالوجی کے ذرائع کو بروئے کار لاتے سمیت طلبا کو بہتر سمت کی جانب راغب کرنے کے لئے جامعہ بلوچستان نے اقدامات کو یقینی بنانے کے لئے تمام توانائیاں صرف کی ہیں، ہمیں تعلیم وتحقیق کی بدولت ترقی کی منازل طے کرنی ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ کارآمد تحقیق کو پروان چڑھانے کی اشد ضرورت ہے۔ جس کے مثبت اثرات معاشرے اور ماحول پر پڑ سکیں۔ انہوں نے کہا کہ آج دنیا ماحولیاتی تبدیلی، قدرتی آفات اور وسائل کی کمی کی وجہ سے پریشانی سے دوچار ہے اور توانائی کے مستقبل ذرائع دریافت کرنے کے لئے کوششیں کی جارہی ہیں، اجلاس میں جامعہ کے پرووائس چانسلر ڈاکٹر عین الدین آغا، ڈین فیکلٹیز، صوبائی محکمہ جات کے نمائندگان، سینئر اساتذہ، جامعہ کے رجسٹرار سمیت کونسل کے دیگر اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں ماہرین نے اپنی مثبت رائے پیش کی، قبل ازیں اجلاس میں علمی وتحقیقی سرگرمیوں کے فروغ، شعبہ جات کی کارکردگی، معیاری تعلیم کے فروغ، مستقبل کے تعلیمی پروگرامز ترقیاتی منصوبے اور مختلف معاملات کا جائزہ لیا گیا اور مختلف فیصلے کئے گئے۔

MASHRIQ QUETTA

## عوام کی سہولت کیلئے ایرانی سرحد جاگی باڈر جلد کھولیں گے، ڈی سی کیچ

### بلیدہ زامران کے معتبرین کی ملاقات سرحد کی بندش سے مشکلات سے آگاہ کیا

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ میجر ر بشیر احمد بڑیچ سے منگل کے روز بلیدہ زامران کے عمائدین ومعتبرین پر مشتمل اعلیٰ سطحی وفد نے حافظ ناصرالدین ......... بقیہ 4 صفحہ نمبر 10 پر

زامرانی کی قیادت میں ڈی سی آفس تربت میں ملاقات کی۔ اس موقع پر پاک ایران سرحد کے مقام پر جاگی باڈر پوائنٹ کو کاروبار کے لیے کھولنے اور دیگر عوامی مسائل کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ اس دوران وفد نے ملاقات کے دوران کہا کہ جاگی باڈر کاروبار کا ایک اہم اور مرکزی پوائنٹ رہا ہے جہاں ضلع کیچ سمیت مکران بھر کے لوگوں نے فائدہ اٹھایا ہے اور اسکے علاوہ جاگی باڈر کا راستہ ضلع کیچ کے عوام کیلئے ایک بہترین اور مختصر ترین راستہ بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جاگی باڈر کی بندش سے عوام بہت مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں، اور شدید تکلیف میں مبتلا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چونکہ ہمارے سرحدی علاقوں میں روزگار کے کوئی اور ذرائع نہیں ہیں لہذا عوامی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے انتظامیہ جاگی زامران باڈر کو کھولیں تاکہ عوامی مشکلات کم ہوسکیں۔ اس دوران ڈپٹی کمشنر کیچ ریٹائرڈ میجر بشیر احمد نے وفد کو یقین دلاتے ہوئے کہا کہ عنقریب جاگی باڈر کراسنگ پوائنٹ کو بطور کاروبار روزگار کے لیے بہت جلد کھول دیا جائیگا۔ اس دوران انہوں نے وفد کو یقین دہانی کرتے ہوئے کہا کہ وہ عوامی مفادات کیلئے ہمیشہ کوشاں ہیں اور عوام کے مفاد کو ملحوظ خاطر رکھ کر کام کرتے رہیں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 23 SEP 2022 Page No. 8


## نوجوانوں کے روشن مستقبل کیلئے تعلیمی اداروں کا کلیدی کردار ہے، شزہ فاطمہ خواجہ

وزیراعظم نوجوانوں کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کرنے اور جدید ٹیکنالوجی کے فروغ کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھا رہی ہے

**معاون خصوصی برائے یوتھ افیئرز کا جامعہ بلوچستان کا دورہ، وائس چانسلر سے ملاقات، یوتھ ڈویلپمنٹ سینٹر کا افتتاح کیا**

کوئٹہ(پ ر) وزیراعظم پاکستان یوتھ افیئرز کی اسپیشل اسسٹنٹ مس شزہ فاطمہ خواجہ نے ایک وفد کے ہمراہ جامعہ بلوچستان کا تفصیلی دورہ کیا انہوں نے جامعہ کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شفیق الرحمان سے ملاقات کی ملاقات کے دوران جامعہ بلوچستان کے تعلیمی، تحقیقی سرگرمیوں، ترقیاتی منصوبوں، مستقبل کے پروگرامز سمیت صوبائی و ملکی تعلیمی نظام، مشترکہ تعلیم و تحقیق کے فروغ، جدید ٹیکنالوجی کے ذرائع سے استفادہ سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا بعد ازاں جامعہ بلوچستان میں قائم یوتھ ڈویلپمنٹ سینٹر کا باقاعدہ طور پر محترمہ شزہ فاطمہ خواجہ نے افتتاح کیا انہوں نے سینٹر کے مختلف شعبوں کا دورہ کیا اور کہا کہ نوجوان کسی بھی ملک کا مستقبل ہوتے ہیں ہمارے ملک پاکستان میں ساٹھ فیصد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے اور انہیں بہتر سمت کی جانب راغب کرنے کے لئے تعلیمی ادارے انتہائی اہم کردار ادا کر رہے ہیں یہ ایک خوش آئند اقدام ہے کہ جامعہ بلوچستان اعلیٰ تعلیم کے فروغ اور طلبہ کے روشن مستقبل کی جانب راغب کرنے کے لئے کوشاں ہیں انہوں نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان ملک کے نوجوانوں کے بہتر مستقبل اور نسل نو کو اعلیٰ تعلیم و تحقیق کے مواقع اور جدید ٹیکنالوجی کے ذرائع سے استفادہ کرنے کے لئے کوشاں ہیں اس سے قبل انہوں نے دو نئی بسوں کی چابیاں جامعہ کے وائس چانسلر کو پیش کیں اور جامعہ کے آفس آف ریسرچ اینوویشن اینڈ کمرشلائزیشن (ORIC)، شعبہ آئی ایم ایس سمیت دیگر شعبہ جات کا دورہ کیا وائس چانسلر نے انکا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ جامعہ بلوچستان صوبے میں اعلیٰ تعلیم کے حصول کو ممکن بنانے کے لئے اقدامات کر رہی ہے۔


Century Express Quetta


## بلوچستان کے 2 اضلاع میں ڈینگی وائرس کے مزید 64 کیس سامنے آ گئے

**ضلع کیچ میں رواں ہفتے کے دوران 49 جبکہ گوادر میں 15 کیس رپورٹ ہوئے**

اسہال، ہیضہ، ملیریا، آنکھوں اور جلد کے انفیکشن کے 37 ہزار کیس رپورٹ، محکمہ صحت

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان کے دو اضلاع میں ڈینگی وائرس کے مزید 64 کیسز سامنے آ گئے، ایک ہفتے کے دوران اسہال، ہیضہ، ملیریا، آنکھوں اور جلد کے انفیکشن، سانس کی بیماروں سمیت دیگر امراض کے 37 ہزار 9 سو 60 کیسز رپورٹ ہوئے (باقی صفحہ 4 نمبر 21)

ہیں۔ محکمہ صحت بلوچستان کی جاری کردہ ایک رپورٹ کے مطابق بلوچستان کے ضلع کیچ سے رواں ہفتے 49 جبکہ گوادر سے ڈینگی بخار کے 15 کیس رپورٹ ہونے کے بعد رواں سال مجموعی کیسز کی تعداد 3128 ہوگئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق یہ شرح گزشتہ 7 سالوں کے کیسز کی نسبت سب سے زیادہ ہے اس سے قبل گزشتہ سال 2304 اور 2020 میں 1063 کیسز رپورٹ ہوئے تھے۔ رپورٹ کے مطابق صوبے میں سب سے زیادہ کیسز کیچ سے 2752 جبکہ گوادر سے 376 رپورٹ ہوئے ہیں جبکہ صوبے کے دیگر کسی علاقے میں رواں سال ڈینگی کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہو صوبے کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں 15 ستمبر سے 22 ستمبر تک اسہال کے 10 ہزار 660، ہیضہ کے 674، سانس کے امراض 11 ہزار 108، جلد کے امراض کے 10 ہزار 4 سو 35، آنکھوں کے انفیکشن کے 1 ہزار 2 سو 30 ملیریا کے 3 ہزار 6 سو 86، ٹائی فائیڈ کے 124 ہیپاٹائٹس کے 33 جبکہ ڈینگی 10 کیس رپورٹ ہوئے۔ رپورٹ کے مطابق محکمہ صحت کی جانب سے بلوچستان کے سیلاب متاثرہ علاقوں میں میڈیکل کیمپس منعقد کئے جا رہے ہیں اب تک مجموعی طور پر 2147 کیمپس میں 5 لاکھ 12 ہزار 6 سو 35 افراد کو طبی سہولیات مہیا کی گئی ہیں۔


INTEKHAB QUETTA


## کمیٹی نے لاپتہ افراد کمیشن سے 10 سالہ تحریری رپورٹ مانگ لی

وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کی زیر صدارت جبری گمشدگی اور لاپتہ افراد کے حوالے سے قائم کابینہ کی ذیلی کمیٹی کا اجلاس، وفاقی وزراء کی شرکت

**تمام متاثرین کمیشن کی کارکردگی سے مطمئن نہیں، کمیٹی، خواتین کی جنسی ہراسگی کے الزامات بارے ان کیمرہ اجلاس بلانے کا فیصلہ**

اسلام آباد (این این آئی) جبری گمشدگی اور لاپتہ افراد کے حوالے سے قائم کابینہ کی ذیلی کمیٹی نے جسٹس ریٹائرڈ جاوید اقبال کو آگاہ کیا ہے کہ تمام متاثرین کمیشن کی کارکردگی سے مطمئن نہیں ہیں۔ وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ کی زیر صدارت جبری گمشدگی اور لاپتہ افراد کے حوالے سے قائم کابینہ کی ذیلی کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ، وفاقی وزیر برائے سائنس اور ٹیکنالوجی آغا حسن بلوچ، وفاقی وزیر شازیہ مری، جسٹس ریٹائرڈ فضل الرحمان اور جسٹس ریٹائرڈ ضیاء پرویز شریک ہوئے۔ اجلاس بقیہ نمبر 51 صفحہ 7 پر

میں جسٹس ریٹائرڈ جاوید اقبال اور لاپتہ افراد بارے قائم کمیشن کے ممبران شریک ہوئے اور رپورٹ پیش کی۔ کمیٹی نے جسٹس ریٹائرڈ جاوید اقبال کو آگاہ کیا کہ تمام متاثرین کمیشن کی کارکردگی سے مطمئن نہیں ہیں۔ کمیٹی نے لاپتہ افراد بارے قائم کمیشن سے گزشتہ دس سالوں کی تحریری رپورٹ جمع کرانے کا کہا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 23 SEP 2022 Page No. 9

## روڈ انفراسٹرکچر کی بہتری کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائے جائیں، علی اکبر بلوچ

جاری تمام ترقیاتی منصوبوں میں معیار اور شفافیت اولین ترجیح ہونی چاہیے، سیکرٹری مواصلات و تعمیرات

پی ایس ڈی پی سبی زون میں شامل روڈ سیکٹرز اسکیمات کے حوالے ڈویلپمنٹ سب کمیٹی کا جائزہ اجلاس

کوئٹہ (آن لائن) سیکرٹری مواصلات و تعمیرات علی اکبر بلوچ کی زیر صدارت پی ایس ڈی پی 22-2021 اسکیمات میں شامل سبی زون میں شامل روڈ سیکٹرز اسکیمات کے حوالے ڈویلپمنٹ سب کمیٹی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں چیف انجینئر ڈیزائن سجاد بلوچ اور محکمہ پی اینڈ ڈی کے نمائندے کے علاوہ سبی ڈویژن اور نصیر آباد ڈویژن کے ضلعی انجینئر آفیسران نے شرکت کی اجلاس میں سبی ڈویژن اور نصیر آباد ڈویژن کے مختلف اضلاع میں روڈ سیکٹرز کی اسکیمات پر پیش رفت سے متعلق تفصیلی جائزہ لیا گیا اس موقع پر صوبائی سیکرٹری مواصلات و تعمیرات علی اکبر بلوچ نے جاری اسکیمات پر پیش رفت سے متعلق اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سبی اور نصیر آباد ڈویژن میں حالیہ بارشوں اور سیلاب کی تباہ کاریوں کے باوجود محکمہ مواصلات و تعمیرات محنت اور لگن سے جاری ترقیاتی اسکیمات کو مکمل کرنے میں جڑی ہوئی ہے نصیر آباد ڈویژن میں روڈ انفراسٹرکچر کو گراں قدر نقصان پہنچا ہے جنکی بحالی ایک چیلنج سے کم نہیں سیکرٹری مواصلات و تعمیرات نے ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ سبی زون میں جاری ترقیاتی اسکیمات کو اپنے وقت مقررہ پر مکمل کیا جائے تاکہ دونوں ڈویژن کے عوام کو روڈ انفراسٹرکچر کی بہترین سہولیات میسر ہوں، انہوں نے کہا کہ صوبے میں روڈ انفراسٹرکچر کی بہتری سے صوبے کے زمیندار کاروباری حضرات صحت و تعلیم سے جڑے افراد پر مثبت اثرات مرتب ہونگے جسکی وجہ سے صوبہ ترقی کی جانب گامزن ہوگا انہوں متعلقہ محکمے کے تمام انجینئر آفیسران کو ہدایات دی کہ صوبے میں جاری تمام ترقیاتی منصوبوں پر معیار اور شفافیت اولین ترجیح ہونی چاہیے

Century Express Quetta

## ہرک سیلاب سے متاثرہ ریلوے پل کی مرمت کا کام شروع

پل بحال ہونے کے بعد کوئٹہ سے ٹرینوں کی آمدورفت شروع ہوجائیگی، جلد این ایل سی کی بھاری مشینری پہنچ جانے کے بعد کام کی رفتار میں تیزی آجائیگی

سیلاب سے متاثرہ سبی جیکب آباد، نوشکی دالبندین ریلوے ٹریکس کی مرمت بھی جاری، کوچ مالکان نے اندرون ملک شہروں کے کرائے چھ سے سات ہزار کردیئے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بولان کے علاقے ہرک میں سیلابی ریلے میں گرنے والے ریلوے کے پل کی مرمت کا کام شروع کردیا گیا، پل بحال ہونے کے بعد کوئٹہ سے ٹرینوں کی آمدورفت شروع ہوجائے گی۔ ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلویز نثار احمد خان نے بتایا ہے کہ سیلابی ریلے کے نتیجے میں گرنے والے ہرک ریلوے پل کی مرمت کا کام این ایل سی کو دیا گیا ہے، این ایل سی نے پل کی تعمیر کیلئے ابتدائی کام شروع کردیا ہے جلد بھاری مشینری ہرک پہنچ جانے کے بعد تعمیراتی کام میں تیزی آجائے گی، انہوں نے بتایا کہ پل کی تعمیر کا کام 31 دسمبر تک مکمل ہونے کا امکان ہے جس کے بعد کوئٹہ سے ٹرینوں کی آمدورفت شروع ہوجائے گی انہوں نے بتایا کہ سیلاب سے متاثرہ سبی جیکب آباد، نوشکی، دالبندین ریلوے ٹریکس کی مرمت کا کام بھی جاری ہے جس میں مزید پندرہ روز کا وقت لگ سکتا ہے، دونوں ٹریکس کی مرمت مکمل ہونے کے ٹرینوں کی آمدورفت شروع کردی جائے گی، انہوں نے بتایا کہ ہرک پل کی تعمیر کا کام مکمل ہونے تک جعفر ایکسپریس اور بولان میل کوئٹہ سے چلائی جائیں گی۔ دوسری جانب کوچز مالکان نے اندرون ملک کے مختلف شہروں کے کرائے چھ سے سات ہزار کر دیئے گئے مسافر اور قلی پریشان۔ کوئٹہ سے ٹرین سروس معطل ہوئی تو اسٹیشن ویران ہوگیا مسافروں کے سامان کا بوجھ اٹھانے والے قلیوں کو بھی معاشی مشکلات ستانے لگیں۔ روزگار نہ ہونے کے باعث قلی ویران اسٹیشن پر پریشان بیٹھے ان ہی میں سے 50 سالہ محمد حیات بھی ٹرین سروس بند ہونے کے باعث فاقوں پر مجبور ہوگیا جس کا کہنا تھا کہ وہ سریاب روڈ چکی شاہوانی میں کرائے کے کچے مکان میں چھ بچوں کے ساتھ رہائش پذیر ہے۔ کورونا کے ایام میں تو کسی نہ کسی طرح سے انہیں امداد مل جایا کرتی تھی مگر اب تو کسی نے پوچھا تک نہیں ریلوے اسٹیشن پر اسی امید پر بیٹھتے ہیں کہ کوئی مخیر شخص آکر ان کی مدد کردے گا مگر وہ شام کو اپنا سامان لیکر چلتے بنتے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 23 SEP 2022 Page No 13

## بلوچستان یونیورسٹی انتظامیہ بلوچ مخالف قوتوں کے زیر اثر ہے، بی ایس او پجار

تربت (بیورو رپورٹ) بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن پجار کے مرکزی چیئرمین زبیر بلوچ، وائس چیئرمین بوہیر صالح بلوچ، صوبائی صدر بابل ملک بلوچ جونیئر جوائنٹ سیکریٹری وکرم بلوچ صوبائی جنرل سیکرٹری عابد عمر بلوچ اور رکن مرکزی کمیٹی نوید تاج نے تربت یونیورسٹی کا تنظیمی دورہ کیا جنکے ہمراہ زونل صدر باہوٹ چنگیز، نائب صدر زبیر برکت، فاروق شبے، جہانزیب اقبال و دیگر دوست ہے۔ تنظیم کے کامریڈوں اور طلباء وطالبات نے اپنے مرکزی رہنماؤں کو مین گیٹ پر پُر جوش انداز میں استقبال کر کے سی دفعہ کے سرزمین پر محبت کی تاریخ رقم کرتے ہوئے نااہل انتظامیہ کی تمام طلبہ دادارے دشمن سازشوں کو ناکام بنا کر مرکزی چیئرمین سمیت مرکزی و صوبائی قائدین کو ویلکم کیا جسکے بعد یونیورسٹی کے دوستوں نے مرکزی دوستوں کے اعزاز میں استقبالیہ پروگرام کا انعقاد کیا۔ پروگرام سے مرکزی چیئرمین زبیر بلوچ اور وائس چیئرمین بوہیر صالح ایڈوکیٹ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج یونیورسٹی انتظامیہ کی جانب سے قلم و شعور پر بندوق کا پہرا لگا کر یہ ثابت کیا کہ ادارے کچھ بلوچ دشمن قوتوں کے قبضہ وتصرف میں۔ ہے اور ادارے میں کرپشن، اقرباپرور (بقیہ نمبر 35 صفحہ نمبر 7 پر)

ی، پسند و ناپسند عروج پر ہے جو انکے لیے باعث شرم ہے جو ان بلوچستان کے پرامن فرزندوں کو ڈرانا چاہتے ہیں جنکی تاریخ عظیم شہدا کے قربانیوں سے بھری پڑی ہے اور ہم واضح کرنا چاہتے ہیں کہ یونیورسٹی کسی کے باپ کی جاگیر نہیں جن سے ہم اجازت لیکر تعلیمی ادارے میں داخل ہوجائیں ہمیں اندر نہ آنے دینے کا مقصد میرٹ کی پامالی، کرپشن پر بات کرنے پر قدغن لگانے کے مترادف ہے لیکن بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن پجار کے کارکنان کسی مصلحت پسندی کا شکار نہیں وہ اپنے حقوق کیلیے آواز بلند کرتے ہوئے انکے مکروہ چہرے کو عوام کے سامنے بےنقاب کرینگے۔ تعلیمی اداروں میں اپنے حقوق کے لیئے آواز بلند کرنے کو ان جیسے قوم دشمنوں اور سوداگروں نے جرم قرار دیا ہے لیکن ہم پرو وائس چانسلر جو ایک ربر اسٹمپ کی مانند ہے اسکو واضح کرتے ہیں کہ اپنی چاپلوسی اور بدمعاشی بند کرے وگرنہ پورے بلوچستان میں وہ تحریک شروع کرینگے جو آپ اور آپکے آواریوں کو چھپنے کی جگہ نصیب نہیں ہوگی اور آپ نااہل لوگ کسی نفسیاتی ڈاکٹر سے رجوع کریں تاکہ آپ کا علاج ہوجائے۔ تعلیمی اداروں میں

فورسز کا استعمال بند کریں ہم کسی سے ڈرنے والے نہیں اور اپنے حقوق کے لیئے کسی بھی قربانی سے پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ پرو وائس چانسلر اور رجسٹرار کے خلاف جلد ایک تحقیقاتی کمیٹی بنا کر انکے خلاف تحقیق کی جائے کہ انکی غفلت اور کرپشن کی وجہ سے ادارہ مکمل طور پر تباہ ہوچکی ہے اور سہولیات کا مکمل فقدان ہے تمام طلباء وطالبات انکی وجہ سے مسائل ومشکلات سے دوچار ہیں اگر انکے خلاف کمیٹی نہ بنائی گئے تو ہم نہ رکنے والے تحریک کا اعلان کرینگے۔ پورے ادارے میں اکیڈمیک اور انتظامی امور مفلوج ہے، گرلز ہاسٹل میں واٹر کولر، مس سسٹم میں کرپشن اور ڈیپارٹمنٹس کی کمی، بسوں کا مسئلہ، اسکالرشپس میں اقرباپروری سمیت ہر سیکشن انکی نااہلی کی وجہ سے تباہ ہوچکے ہیں۔ انہوں نے آخر میں تمام طلبہ پر زور دیا کہ ادارہ بلوچ قوم کا اثاثہ ہے اور انکے تمام ملازم ہمارے نوکر ہیں کسی بھی نوکر کو یہ اجازت ہرگز نہیں کہ وہ شعور پر قدغن لگائے ہمارے تمام طلبہ ایک پلیٹ پر متحد ہوکر ان ظالموں و جابروں کا راستہ روک کر ادارے کو بچانے میں اپنا کردار ادا کریں پروگرام میں لہداو بلوچ نے تنظیمی و تعلیمی صورتحال پر مرکزی قائدین کو آگاہ کیا۔ پروگرام میں صوبائی نائب صدر مرید بلوچ، جوائنٹ سیکریٹری نجیب بلوچ، یونٹ سیکریٹری ضمیر بلوچ، زرک بلوچ، میر جان سمیت طلباء وطالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

## بلوچستان میں سرکاری ملازمت کیلئے عمر کی حد کم کرنے کا فیصلہ قبول نہیں، نیشنل پارٹی

نوجوان ملازمت کے لیے دردر کی ٹھوکریں کھا کر مشکل سے ملازمت کے حصول میں کامیابی حاصل کرتے ہیں جبکہ موجودہ حکومت نوجوانوں سے ان کا یہ حق بھی چھیننا چاہتی ہے

**حکومت کی سرکاری ملازمت کے بالائی عمر کی حد میں کمی نے نوجوانوں کو مایوسی کا شکار بنا دیا اور نوجوان خود کی مستقبل کو تاریک دیکھ رہے ہیں**

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی ملازمت کی عمر میں کمی کے حکومتی فیصلے کو یکسر مسترد کرد یتا ہے بلوچستان میں ملازمت کے سرکاری ذرائع محدود ہیں نوجوان ملازمت کے لیے دردر کی ٹھوکریں کھا کر مشکل سے ملازمت کے حصول میں کامیابی حاصل کرتے ہیں جبکہ (بقیہ نمبر 17 صفحہ نمبر 2 پر)

موجودہ حکومت نوجوانوں سے ان کا یہ حق بھی چھینا چاہتا ہے۔ نیشنل پارٹی کے ترجمان نے کہا کہ بلوچستان میں روزگار کے ذرائع محدود ہیں جس کی وجہ سے نوجوان سرکاری ملازمت کی طرف سہارا دیکھتے ہیں۔ لیکن سرکاری ملازمتیں اقرباپروری وخرید وفروخت کی نذر ہورہی ہے۔ لیکن پھر بھی نوجوان ہمت نہیں ہارتے اور ہر پوسٹ کیلیے درخواست دیتے ہیں۔ حکومت کی سرکاری ملازمت کے بالائی عمر کی حد میں کمی نے نوجوانوں کو مایوسی کا شکار بنا دیا اور نوجوان خود کی مستقبل کو تاریک دیکھ رہے ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ نوجوان بلوچستان کا مستقبل ہے۔ نوجوان ہی جدید دنیا کے ساتھ مقابلہ کر سکتے ہیں۔ اس لیے ان کو مایوسی کا شکار نہ بنایا جائے۔ میرٹ سے ہی نوجوانوں کی صلاحیتوں سے استفادہ کیا جائے میرٹ کو مقدم بنایا جائے اور تمام اداروں میں میرٹ کو اولیت دی جائے تو سماج میں مقابلے کا رجحان پیدا ہوگا اور نوجوانوں کا تعلیم پر توجہ بھی زیادہ ہوگا۔ بیان میں کہا گیا کہ حالیہ حکومت میرٹ کو پس پشت ڈال کر اقرباپروری پر اتر آیا ہے بعض اطلاع کے خالی آسامیوں کو عارضی بنیادوں پر پر کرنے کی کوشش کررہا ہے اور بلوچستان اسمبلی نے بھی تمام خالی آسامیوں کو میرٹ پر بھرتی کرنے کے بجائے عارضی بنیادوں پر پر کرنے کا باقاعدہ اشتہار بھی جاری کردیا جو غیر آئینی اور غیر قانونی ہے اور اپنے من پسند افراد کو بھرتی کرنے کا منصوبہ ہے۔ نیشنل پارٹی مطالبہ کرتا ہے کہ سرکاری ملازمت کے عمر کی حد کو 43 سال برقرار رکھا جائے اور نوجوانوں کے خلاف سازشیں بند کی جائیں۔

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 7

Dated: 23 SEP 2022 Page No. 22

# Change is vague and con

Stability exists nowhere, world is in transition but the way changes occurred in Pakistan and particularly in Balochistan is very rapid and categorically difficult to understand. Since the 2018 polls through which Balochistan Awami Party in the province and Pakistan Tahrik e Insaaf across the country succeeded to prove their superiority over other adversaries was no less than a miracle. But neither PTI nor BAP succeed to prove their dexterousness in four years of span. Under the emblem of change both failed to remain firm on their election manifesto and got changed from their agenda. Mir Abdul Quddoos Bizinjo became leader of the house after Jam Kamal Khan, on the other side not only Amanullah Khan Yasinzai and Syed Zahoor Agha resigned from their portfolios of governorship. Now once news stories regarding cabinet change are in air. After spending almost four years it has been signaling that Jamiat Ulma e Islam shall become part of the provincial cabinet and very soon newly elected ministers shall take their oath and ministries might be allocated to them. BNP who spend enough time as coalition partner with PTI at federal level now seems reluctant to join hands with BAP but nobody knows the reason, if Balochistan National Party is in a coalition in federal cabinet along with ministries than what's wrong to become part of provincial government, which things stopping them? What are the hindrances are some question that BNP will have to answer.

No enough time, slogans to alter the system lost their reputation, actually need to understand the existing system which has clearly revealed the realities of political game of Pakistan and reality is that nothing has ever planned in Pakistan, we are reactionary and act in retaliation, not a single government ever presented its five years plan or agenda, under the name of adult franchise people always become fools by those who have vested interested and they entered in politics neither to serve the voters not country, their only agenda is the accumulation of wealth, recovery of the invested money during election

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 7

Dated: 23 SEP 2022 Page No. 23

campaign and again get ready to contest for the next turn. Suffer towards deterioration was slow at earlier stage but now it has become as steady as rocket fire. During previous tenure from Dr. Abdul Malik Baloch and Nawab Sanaullah Zehri to Mr. Bizinjo three chief ministers changed. This time nomenclature has proved more deteriorated with two governors and two chief ministers, and change of chief minister for the third time is also not out of predication.

Need to understand the difference between individual change and system change. These terms are prevalent in the political change discourse, and often presented as a black and white, mutually exclusive choice. This is a false dichotomy. There are many good arguments and reasons for positive change and why individuals and institutional change is insufficient. There is no doubt that neoliberalism really has tricked us. Fighting climate change as individuals, one can argue that recycling too is a con job, designed to distract us from the much more important actions of reducing and reusing. Not only is individual action insufficient, it can even be counterproductive. This is what happens when the energy we expend on individual change is energy away from organizing, demanding and agitating for system change. Don't wear yourself out doing individual things, when you could use that energy to win a big political battle. This is not to say that individual change is not important, it most certainly is. But it should not be the only change. System change is tricky, too. As a term, system change is vague and quite neutral, which makes it too open to cooptation. One interpretation is that it is demanding a change in the existing system. The current system does not like this, because its number one goal is to uphold and grow itself.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: DAWN KARACHI

Bullet No. 8

Dated: 22 SEP 2022 Page No. 24

# Qatar Charity pledges Rs700m for flood-hit

DERA MURAD JAMALI: The Qatar Charity distributed relief goods among 1,000 displaced families in various flood-affected areas of Nasirabad district on Wednesday and said Rs700 million would be spent on providing relief and other facilities to the affected people of Nasirabad, Jafferabad, Sohbatpur, Jhal Magsi, Qila Saifullah and Loralai.

The charity's chairman, Khalid Abdullah, and focal person Junaid Dashti arrived in Dera Murad Jamali along with relief goods, including ration, edible oil, dry milk, potable water, blankets and other items.

The goods were distributed in Dera Murad Jamali, Landhi and Baba Kot areas in the presence of local administration officials. Talking to the media, Mr Abdullah hoped the relief goods would ease the victims' difficulties to some extent.—Ali Jan Mangi

▶ **MISSING PATCHES:** The Quetta-Karachi highway has been washed away at various places by the recent floods. People travelling between the two cities are doing so at great risk, and several accidents have already taken place due to the missing patches. No politician, media anchor, or government official has taken notice of the dangerous condition. One wonders if the road will ever get repaired at all. The relevant authorities need to take note of the situation and take necessary steps.

***Ameer Sajidi***
Khuzdar

# Four malaria-related deaths reported in Jafferabad

QUETTA: Four malaria-related deaths were reported in the Usta Muhammad area of Jafferabad district on Wednesday as thousands of other people, mostly children, were suffering from malaria, diarrhoea and other waterborne diseases in all the four districts of Nasirabad division.

The Commander of 12 Corps, Lt Gen Asif Ghafoor, visited Usta Muhammad along with the chief secretary and other officials in view of the grim situation in the area.

Health authorities in Nasirabad confirmed malaria was spreading fast in the four districts. The floodwater inundated fields and towns, destroying hundreds of houses and rendering thousands of people homeless.

Although health officials did not confirm the death of four people due to malaria, acting Governor Mir Jan Muhammad Khan Jamali, who belongs to Jafferabad district, said: "Four deaths occurred in flood-hit areas of Usta Muhammad sub-division of Jafferabad."

He said the situation in flood-hit areas was worsening with the passage of time as standing floodwater was not receding and it was causing massive destruction and spreading waterborne diseases.

"Children are mostly affected by malaria and diarrhoea," he told *Dawn*, adding that shortage of malaria and diarrhoea medicines was also reported in these areas.

The government, the army and FC have established medical camps and are providing treatment to the people suffering from these diseases, he said.

Health officials said that a large number of people were visiting hospitals and medical camps on a daily basis.—Saleem Shahid

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 7

Dated: 23 SEP 2022 Page No. 17

## بلوچستان پبلک سروس کمیشن کو قابل اعتماد ادارہ بنانے کیلئے وزیراعلیٰ کا عزم

وزیراعلیٰ عبدالقدوس بزنجو نے بلوچستان پبلک سروس کمیشن کے چیئرمین اور ارکان کی تقرری سیاسی جماعتوں سمیت دیگر اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے کرنے اور شفافیت اور میرٹ پر عملدرآمد کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم بلوچستان پبلک سروس کمیشن کو ایسا ادارہ بنانا چاہتے ہیں جس پر ہماری نوجوان نسل کا پورا اعتماد ہو۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اساتذہ کے مسائل حل کرنے کے لئے ٹھوس اقدامات اٹھارہی ہے لیکن اساتذہ کو بھی احتجاجی دھرنوں اور ہڑتالوں سے بالاتر ہوکر بچوں کی تعلیم پر توجہ مرکوز کرنی چاہئے۔ بلوچستان پبلک سروس کمیشن کو قابل اعتماد ادارہ بنانے کے حوالے سے وزیراعلیٰ کا عزم قابل ستائش ہے ماضی میں اس ادارے کی ساکھ کو بہت زیادہ نقصان پہنچا تھا لیکن بعد میں صوبائی حکومت نے پبلک سروس کمیشن میں چیئرمین اور ارکان کی تقرری کے لئے جو لائحہ عمل اختیار کیا اور پالیسیاں وضع کیں ان سے ادارے کی ساکھ بڑی حد تک بحال ہوچکی ہے اب اسے مزید بہتر سے بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ اس ادارے کو تعلیم یافتہ طبقات کے لئے میرٹ اور شفافیت کے حوالے سے ایک مثال ہونا چاہئے جس پر کوئی انگشت نمائی نہ کرسکے۔ بلوچستان میں تعلیم کا شعبہ خصوصی توجہ کا مستحق ہے اساتذہ وقت کے تقاضوں کو سمجھنے اور اس کے مطابق چلنے سے قاصر ہیں اساتذہ تنظیموں کو محض اپنے مفادات کی فکر رہتی ہے تعلیم کے شعبے کی ترقی کی جانب ان کا دھیان نہ ہونے کے برابر ہے۔ وزیراعلیٰ نے انہیں ہڑتالوں دھرنوں اور احتجاج کی بجائے تعلیم پر توجہ مرکوز کرنے کا جو مشورہ دیا ہے توقع ہے کہ اساتذہ اور ان کی تنظیمیں ان پر سنجیدگی سے توجہ دیں گی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 7

Dated: 23 SEP 2022 Page No. 18

## کور کمانڈر اور چیف سیکرٹری بلوچستان کا دورہ جعفر آباد

چیف سیکریٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی اور کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور نے گزشتہ روز ضلع جعفر آباد کا دورہ کیا۔ انہوں نے متاثرہ علاقوں کا ہیلی کاپٹر کے ذریعے جائزہ لیا جبکہ ایف سی کی جانب سے اوستہ محمد میں قائم کیمپ کا دورہ کیا اس موقع پر بریگیڈیئر یاسر نے ریلیف کے کاموں کے حوالے سے انہیں بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ اس کیمپ میں 636 سیلاب متاثرین رہائش پذیر ہیں جنہیں سہولیات کی فراہمی جاری ہے دیگر ڈویژن بھر میں قائم کردہ کیمپس میں دی جانے والی امداد کے متعلق بھی آگاہ کیا اس موقع پر کمشنر نصیر آباد ڈویژن بشیر احمد بنگلزئی نے چیف سیکریٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی اور کور کمانڈر بلوچستان آصف غفور کو آگاہی فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ ینجرہ پل کے مقام پر بھی عارضی طور پر راستہ بحال ہے چھوٹی گاڑیوں کی آمد و رفت جاری ہے دو مہینوں میں نصیر آباد ڈویژن میں محکمہ صحت کی جانب سے 265 میڈیکل کیمپس قائم کئے گئے ہیں جبکہ متاثرہ اضلاع میں ٹینٹ سٹی قائم کئے گئے ہیں جہاں پر سیلاب متاثرین کی امداد جاری کمشنر نے مزید بتایا کہ ضلع صحبت پور ڈیرہ اللہ یار سمیت ریلوے ٹریک سے پانی نکالنے کے لیے کٹ لگائے گئے جس سے سیلابی پانی کا اخراج ممکن ہو رہا ہے اور پانی کا دباؤ کم ہوا ہے 72 گھنٹوں کے لیے یہ کٹس لگائے مگر پانی کے اخراج کے لیے مزید دو دن درکار ہیں پیدل اور موٹر سائیکل کی آمد و رفت کی بحالی کے لیے عارضی طور پر پل بنایا گیا ہے ایس ای ایریگیشن نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ جو کٹس لگائے گئے ہیں ان کٹس سے ضلع صحبت پور ڈیرہ اللہ یار شہر ریلوے ٹریک سے پانی کے لیول میں مسلسل کمی واقع ہو رہی ہے مگر پانی کا اخراج بہت کم ہماری بھرپور کوشش ہے پانی کے بہاؤ کو تیز کر کے جتنی جلدی ممکن ہو سکے روڈ نیٹ ورک بحال کیا جائے اس موقع پر ڈی جی ہیلتھ نے بھی بریفنگ دی اور بتایا کہ بلوچستان کے سیلاب زدہ علاقوں میں محکمہ صحت کی جانب سے 640 میڈیکل کیمپس قائم کئے گئے جہاں پر 66 ڈاکٹرز اپنے خدمات سرانجام دے رہے ہیں اس وقت ملیریا کی وباء میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے ہمیں ملیریا کٹس اور ادویات کی اشد ضرورت ہے۔۔۔

## سیلاب متاثرین کی مشکلات، وبائی امراض جان لیوا ثابت ہونے لگیں

سندھ اور بلوچستان کے سیلاب متاثرین کی مشکلات میں کمی آنے کے بجائے روز بروز اضافہ ہوتا جارہا ہے، متاثرین وبائی امراض میں جکڑتے جارہے ہیں اور اسپتالوں میں ڈاکٹروں کی کمی کا بھی سامنا ہے۔ بلوچستان کے ضلع نصیر آباد کے سیلاب متاثرین گیسٹرو اور ملیریا سمیت مختلف وبائی امراض کا شکار ہو رہے ہیں، ضلعی ہیڈکوارٹر اسپتال میں روزانہ 2000 سے زائد مریض آرہے ہیں مگر کسی کو ڈاکٹر دستیاب نہیں تو کوئی دوائی کے لیے پریشان ہے جبکہ اسپتال میں ملیریا کی ویکسین بھی دستیاب نہیں ہے۔ دوسری جانب سندھ میں سیلاب اور بارش کے پانی کی عدم نکاسی سے بیماریوں میں شدت آگئی ہے، دادو میں گیسٹرو، ملیریا، دیگر بیماریوں سے مزید 3 افراد انتقال کر گئے جس سے ضلع میں جاں بحق افراد کی تعداد 23 ہوگئی ہے۔ دادو کے سرکاری اور نجی اسپتالوں میں مریضوں کی تعداد 8000 کے قریب ریکارڈ کی گئی ہے، دادو کے بچاؤ بند، سپریو بند اور مین نارا ویلی ڈرین پر لاکھوں لوگ کھلے آسمان تلے امداد کے منتظر ہیں۔ ادھر کاچھو کے سینکڑوں دیہات کا جوہی سے 42 روز بعد بھی زمینی رابطہ منقطع ہے جبکہ خیر پور ناتھن شاہ، فرید آباد اور بھان سعید آباد میں 21 روز بعد بھی بجلی بحال نہیں ہو سکی ہے۔ بھان سعید آباد رنگ بند ایریا، گرڈ اسٹیشن سے پانی کی نکاسی کے لیے ہیوی مشینری پہنچ گئی جبکہ پانی کے اخراج کے لیے انڈس لنک کینال کو دوسرا کٹ بھی لگا دیا گیا ہے۔ ڈیرہ اسماعیل خان کے سیلاب متاثرہ علاقوں میں سیلابی پانی کی نکاسی نہ ہونے کی وجہ سے مختلف بیماریاں پھیلنے لگی ہیں۔ ڈیرہ اسماعیل خان کے کئی علاقوں میں سیلابی پانی اب بھی موجود ہے جو جلدی امراض کے ساتھ ساتھ کئی دیگر امراض کا باعث بن رہا ہے۔ تحصیل پروا کے علاقے ڈھورا سوہلن میں سیلابی پانی میں چلنے پھرنے اور ہاتھ دھونے سے دانے نکلنا اور انفیکشن ہو جانا معمول بن گیا ہے۔ علاقے میں کام کرنے والی غیر سرکاری تنظیم کے انچارج عامر سہیل سدوزئی کے مطابق سیلاب متاثرین کو خوراک سے زیادہ اب علاج معالجے اور دواؤں کی ضرورت ہے۔ ڈیرہ اسماعیل خان میں سرکاری سطح پر کسی سیلابی علاقے میں پانی کی نکاسی کا کوئی کام نہیں کیا جارہا جو تمام تر بیماریوں کا موجب بن رہی ہے۔ بلوچستان میں سیلاب کے نتیجے میں ہونے والے حادثات میں مزید تین افراد کے جاں بحق ہونے کی تصدیق کے بعد صوبے میں یکم جون سے اب تک جاں بحق ہونے والے افراد کی تعداد 304 ہوگئی۔ سیلاب کے نتیجے میں ہونے والے حادثات میں مرد اور خاتون سمیت ایک بچے کے جاں بحق ہونے کی تصدیق کر دی گئی ہے، جاں بحق ہونے والے تینوں افراد کا تعلق ضلع جعفر آباد سے ہے۔ پی ڈی ایم اے کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق بلوچستان میں یکم جون سے اب تک جاں بحق ہونے والوں کی تعداد 304 ہوگئی، جاں بحق ہونے والوں میں 138 مرد، 74 خواتین اور 92 بچے شامل ہیں، سب سے زیادہ 40 ہلاکتیں کوئٹہ، ژوب سے 23 اور لسبیلہ سے 21 اموات رپورٹ ہوئیں۔ صوبے بھر میں بارشوں کے دوران مختلف حادثات میں 184 افراد زخمی ہوئے۔ سیلابی ریلوں اور بارشوں سے مجموعی طور پر بلوچستان میں 72 ہزار 235 مکانات نقصان کا شکار ہوئے جبکہ 3 لاکھ، 5 ہزار 155 سے زائد مال مویشی سیلابی ریلوں کی نذر ہو چکے ہیں۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق اب تک مجموعی طور پر 2 لاکھ ایکڑ زمین پر کھڑی فصلوں کو نقصان پہنچا جبکہ صوبے میں سیلابی ریلوں میں 24 پل گر گئے۔ پی ڈی ایم اے کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق بلوچستان بھر میں سیلاب اور بارشوں سے 2200 کلومیٹر پر مشتمل مختلف شاہراہیں بھی شدید متاثر ہوئیں۔ بلوچستان، سندھ میں سیلاب متاثرین کی صورتحال بہت زیادہ خراب ہوتی جارہی ہے جس کی جانب بارہا اشارہ کیا جارہا ہے کہ متاثرہ افراد کو وبائی امراض سے بچانے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔ جس کرب میں وہ زندگی گزار رہے ہیں انہیں لفظوں میں بیان نہیں کیا جاسکتا، جن پر اس وقت قیامت ٹوٹ پڑی ہے فاقوں نے ڈیرے ڈال رکھے ہیں، پینے کا صاف تک میسر نہیں، سب کچھ ختم ہو کر رہ گیا ہے ان کی آنکھیں سہارا ڈھونڈ رہی ہیں اور ریاست سے بڑھ کر کوئی سہارا دینا والا نہیں ہے کیونکہ ریاست ماں ہے اور اس کی پوری ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ تمام تر وسائل متاثرین کی بحالی میں لگائے، یقیناً مشکلات بھی ہیں مگر جو امداد اور وسائل اس وقت حکومتوں کو مل رہے ہیں انہی کو صاف شفاف انداز میں متاثرین تک پہنچائیں سب سے پہلے تو وبائی امراض کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے اقدامات اٹھائیں تاکہ مزید انسانی جانیں ضائع نہ ہوں۔ امید ہے کہ حکومت اس اہم اور سنجیدہ مسئلہ کو حل کرنے کے لیے پوری کوشش کرے گی تاکہ متاثرین کی مشکلات میں کمی آسکے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 7

Dated: 23 SEP 2022 Page No. 21

# Mismanagement

Quetta the provincial capital of Balochistan is confronting a number of challenges. The city's roads are broken, streets are dumped with garbage and sewerage lines are boiling all around. Unfortunately, natural hazards and human interference, and negligence have worsened the overall environmental situation in Quetta. Work on different roads is underway but the pace of work is miserably slow, which has become a nightmare for motorists and nearby residents.

The expansion work of Sariab Road, Sirki Road and Sabzal Road was started about two years ago but still the work is far behind completion. Many roads and pathways are broken but still work is not being started on them. Ironically, the roads, streets and pathways are not even repaired after they are broken and left on the mercy of Metropolitan Corporation Quetta (MCQ).

Broken roads further pollute the environment. It is very unfortunate that roads which are being constructed in different parts of the city are not thoroughly surveyed by the concerned authorities.

Provinces like Balochistan do not ensure such wastage of resources. It is inevitable that the incumbent government must expedite construction work on incomplete roads to escape financial burden. It seems that there is no proper mechanism or the authorities concerned do not follow the rules due to which the resources of the masses are being wasted and their difficulties are further increased.

Quetta is a small city but lack of attention on the part of governments it has become a hub of problems as mismanagement of funds and poor policies the city now has become a dead city. The population of Quetta city has increased manifold therefore, now all areas of the city face shortage of water, sewerage and garbage issues and the transportation of the city has totally collapsed. The successive governments used to call Quetta city the 'face of Balochistan' but in reality they did not pay due focus to improve its road network, address water, sewerage line and other civic issues.

Therefore, today's Quetta seems like a broken and underdeveloped city. The situation seems to worsen due to the lack of an active action plan with the government to fix the issues and a failure of concerned authorities to take note of the urgency of the situation.

The situation of Quetta city will not change until and unless rulers, bureaucrats, politicians and its residents play their due role to address the serious issues of the city. The government must ensure early and quality roads in the city besides improving the sewerage system and disposing of garbage.



وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو سے نواب ثناء زہری ملاقات کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ قدوس بزنجو سے سردار کھیتران، ضیاء لانگو، سینیٹر منظور کاکڑ اور سینیٹر عبدالقادر ملاقات کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو سے صوبائی وزراء اور ارکان اسمبلی ملاقات کر رہے ہیں